## سابق سفیراورقبائلی علاقوں کی ممتاز شخصیت عمرخان شیرزئی کوایم کیوایم میں شمولیت پرالطاف حسین کی مبارکباد

## مجھے عمرخان شیرزئی جیسے ہی نیک، ایمانداراوردیانتدارلوگوں کی ضرورت ہے۔الطاف حسین

## ایسے ہی ایماندارلوگوں کے ذریعے ملک میں صحیح اورحقیقی معنوں میں تبدیلی آسکتی ہے

## نائن زیروکے علاوہ پورے پاکستان میں میری کوئی ملکیت نہیں ہےاوریہ گھربھی تحریک کیلئے وقف ہے۔الطاف حسین

## مجھ پرطرح طرح کے الزامات لگائے گئےلیکن کوئی مجھ پرکرپشن کاالزام نہیں لگاسکتا۔الطاف حسین

## میں اپنی صفوں میں ایسے ہی ایماندارلوگ چاہتاہوں جن کادامن کرپشن سے پاک ہو۔عمرخان شیرزئی سےفون پرگفتگو

## میں نے آپکے کرداراورجدوجہد سے متاثر ہوکرایم کیوایم میں شمولیت اختیارکی ہے۔عمرخان شیرزئی کی الطاف حسین سے گفتگو

## مجھے آپ کی قیادت پرفخرہے، مجھے خوشی ہے کہ میں ایسی جماعت میں شامل ہواہوں جس میں کارکنوں کی سب سے زیادہ عزت کی جاتی ہے۔عمرخان شیرزئی

## عمرخان شیرزئی کاصوبہ قبائلستان کامطالبہ کرنے پرتمام قبائلی عوام کی جانب سے قائدتحریک الطاف حسین سے اظہارتشکر

لندن۔۔۔17،جنوری2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان کے سابق سفیر، سینئر سفارتکاراورقبائلی علاقوں کی ممتاز شخصیت عمرخان شیرزئی کومتحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، تمام شعبہ جات اورکارکنوں اورہمدردوں کی جانب سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہاہے کہ مجھے عمرخان شیرزئی جیسے ہی نیک، ایمانداراوردیانتدارلوگوں کی ضرورت ہے کیونکہ ایسے ہی ایماندارلوگوں کے ذریعے ملک میں صحیح اورحقیقی معنوں میں تبدیلی آسکتی ہے۔انہوں نے یہ بات آج عزیزآباد میں اپنی رہائش گاہ اورایم کیوایم کے مرکز نائن زیروپرعمرخان شیرزئی سے ٹیلیفون پرگفتگوکرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے کہاکہ ایم کیوایم کوملک بھرمیں پھیلنے سے روکنے کیلئے ہردورمیں اس کے خلاف سازشیں کی گئیں لیکن تمام ترسازشوں اورمخالفتوں کے باوجوداللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ایم کیوایم کاپیغام ملک بھرمیں پھیل رہاہے اورآج سندھ، بلوچستان، پنجاب، خیبرپختونخوا، گلگت بلتستان اورآزادکشمیر کے ساتھ ساتھ قبائلی علاقوں میں بھی ایم کیوایم کے کارکنان موجود ہیں۔ایم کیوایم پورے ملک کے محروم ومظلوم عوام کی امید بن چکی ہے۔انہوں نے عمرخان شیرزئی سے کہاکہ نائن زیروجوپہلے ان کی والدہ مرحومہ اوردیگربہن بھائیوں کے نام تھا،اس کے علاوہ پورے پاکستان میں الطاف حسین کی کوئی ملکیت نہیں ہے اوریہ گھربھی تحریک کیلئے وقف ہے۔الطاف حسین پرطرح طرح کے الزامات لگائے گئےلیکن کوئی مجھ پرکرپشن کاالزام نہیں لگاسکتا، مجھے سیاست میں آئے 35 سال ہوگئے، ہم نے اربوں روپے غریبوں میں تقسیم کردئےلیکن آج تک میں نے اپنے لئے کچھ نہیں بنایا، الطاف حسین نے آج تک اپنے ضمیرکاسودانہیں کیا، اگرمیں اپناسوداکرلیتاتوآج میرے بھی اسلام آباد، لاہور، مری اورہرجگہ محلات ہوتے، میں نے خودبھی بے ایمانی نہیں کی اوراپنے ساتھیوں کوبھی ہمیشہ یہی درس دیاہے کہ وہ چوری چکاری سے دوررہیں۔میں اپنی صفوں میں ایسے ہی ایماندارلوگ چاہتاہوں جن کادامن کرپشن سے پاک ہو۔انہوں نے عمرخان شیرزئی کوان کی ایم کیوایم میں شمولیت پرمبارکباد پیش کی اوردعاکی کہ اللہ آپ کونیک ارادوں میں کامیاب کرے، ملک وقوم کی خدمت کاموقع دےاورآپ تحریک کیلئے اثاثہ ثابت ہوں۔عمرخان شیرزئی نے جناب الطاف حسین سے گفتگوکرتے ہوئے کہاکہ میں نے آپکے کرداراورجدوجہد سے ہی متاثر ہوکرایم کیوایم میں شمولیت اختیارکی ہے، مجھے آپ کی قیادت پرفخرہے، مجھے خوشی ہے کہ میں ایسی جماعت میں شامل ہواہوں جس میں کارکنوں کی سب سے زیادہ عزت کی جاتی ہےاوراب میں بھی ایم کیوایم کے ایک کارکن اورسپاہی کی طرح ایم کیوایم کی خدمت کروں گا۔انہوں نے کہاکہ، اب ایم کیوایم پورے ملک کی مضبوط جماعت بن گئی ہے، انشاءاللہ جلدہی بڑی تعدادمیں قبائلی لوگ ایم کیوایم میں شامل ہوں گےاورآپ کی قیادت پرفخرکریں گے۔عمرخان شیرزئی نے صوبہ قبائلستان کامطالبہ کرنے پرتمام قبائلی عوام کی جانب سے جناب الطاف حسین کاشکریہ اداکیااورکہاکہ قبائلی عوام کابہت استحصال ہواہےاورآپ پہلے لیڈرہیں جنہوں نے قبائلی عوام کے حقوق کی بات کی ہے۔عمرخان شیرزئی نے کہاکہ ملک کی تمام جماعتوں میں موروثی سیاست ہےاورکارکنوں کوآگےنہیں لایاجاتا، ایم کیوایم واحدجماعت ہےجس میں موروثی نظام نہیں ہے۔انہوں نے جناب الطاف حسین کویقین دلاتے ہوئے کہاکہ میں آپ کومایوس نہیں کروں گااورہرشہرمیں تحریک کاپیغام پہنچاؤں گا۔اس موقع پررابطہ کمیٹی کے تمام ارکان نے عمرخان شیرزئی کوایم کیوایم میں شمولیت پرزبردست مبارکباد پیش کی۔

## قائدتحریک جناب الطاف حسین پورے پاکستان کی طرح قبائلی علاقوں کے بھی عظیم رہبرورہنماء ثابت ہونگے

## پاکستان کے عوام قبائلی علاقوں سے تعلق رکھنے والے ارکان قومی اسمبلی، اہم سیاسی رہنماؤں اور عمائدین قبائل کی ایم کیوایم میں شمولیت کی عنقریب خوش خبری سننے گے

## ممتاز قبائلی رہنماء اور سعودی عرب میں پاکستان کے سابق سفیر عمر خان علی شیرزئی کی ایم کیوایم میں شمولیت کے بعد نائن زیرو پر پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

ممتاز قبائلی رہنماء اور سعودی عرب میں پاکستان کے سابق سفیر عمر خان علی شیرزئی نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے فکر اور فلسفے سے متاثر ہو کر باقاعدہ طور پر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ وہ متحدہ قومی موومنٹ اور قائد تحریک الطاف حسین کے ادنٰی کارکن کے طور پر سیاسی اور تنظیمی سرگرمیاں انجام دینگے۔انہوں نے توقع ظاہر کی کہ بہت جلد قائد تحریک الطاف حسین پورے پاکستان کی طرح قبائلی علاقوں کے بھی عظیم رہنماء ثابت ہونگے۔منگل کے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر اراکان رابطہ کمیٹی رضاہارون، بیگم نسرین جلیل، کنور خالد یونس، افتخار اکبر رندھاوا، گلفراز خٹک، حق پرست صوبائی وزیر رؤف صدیقی اور اپنے آئے ہوئے درجنوں قبائلی رہنماؤں کے ساتھ پرہجوم پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا اور انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عوام بہت جلد قبائلی علاقوں سے تعلق رکھنے والے ارکان قومی اسمبلی دیگر سیاسی رہنماؤں اور عمائدین قبائل کے ایم کیوایم میں شمولیت کے اعلان کی عنقریب خوش خبری سننے گے۔انہوں نے کہا کہ الطاف حسین کے ساتھ محبت سارے محبّ وطن لوگوں کے دلوں میں گونج رہی ہے میں اعلان کرتا ہوں کہ میں جناب الطاف حسین کے ایک سپاہی کے طور پر کام کرونگا اور الطاف حسین کا مقدمہ اب ہم پورے پاکستان میں لڑینگے۔انہوں نے کہا کہ غربت اور مفلسی کی وجہ سے سادہ لوح قبائلی افراد دہشت گردی میں ملوث ہورہے ہیں مجھے امید ہے کہ الطاف حسین کے ساتھ ساتھ پاکستان بھر کے غیور عوام بھی قبائلی عوام کو ان کا حق دلانے میں اپنا کردار ادا کریں گے۔انہوں نے قبائلی علاقوں پر مشتمل صوبہ قبائلستان کے قیام کیلئے قائد تحریک الطاف حسین کی کوششوں کاوشوں اور اس سلسلے میں عملی اقدامات کرنے پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ قبائلستان کے قیام کیلئے کسی بھی صوبائی اسمبلی سے دوتہائی اکثریت کی ضرورت نہیں ہے اس کا قیام بہت جلد اور آسانی کے ساتھ ہوسکتا ہے۔الطاف حسین نے قبائلستان کے قیام کے حوالے سے قبائلی عوام کا ایک دیرینہ مطالبہ پورا کردیا ہے۔بعدازاں عمر خان علی شیرزئی کی نائن زیرو آمد اور ایم کیوایم میں شمولیت پر رکن رابطہ کمیٹی اور حق پرست صوبائی وزیر رضاہارون نے ان کا شکریہ ادا کیا اور انہیں مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ عمر خان علی شیرزئی ایک طویل عرصے ہمارے رابطے میں تھے اس دوران انہوں نے الطاف حسین کی شخصیت ان کی جدوجہد اور فکر وفلسفے کا بغور مطالعہ کیا ہم سے سوالات کیے قابل تشفی جواب حاصل کیے اور پھر آج انہوں نے ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا ہے دعا ہے کہ دلوں کا یہ راشتہ فکری اور نظریاتی طور پر مزید مضبوط ہو اور یہ قائد تحریک الطاف حسین اور تحریک کیلئے اثاثہ ثابت ہو۔عمر خان علی شیرزئی نے کہا کہ میرا تعلق فاٹا کرم ایجنسی سے ہے اور میں سعودی عرب سمیت کئی ممالک میں بطور پاکستانی سفیر اپنی خدمات انجام دے چکا ہوں۔میں نے ملک کی کئی جماعتوں کے منشور کو پڑھا اور ان منشور پر ان جماعتوں کے قائدین کے عمل وکردار کو پرکھا اور مجھے آج یہ کہنے میں کسی دقت اور دشواری کا سامنا نہیں بلکہ فخر ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ہی ملک کے واحد رہبرورہنما ہیں جو اپنی حق پرستی کی تحریک کے نظریہ ’’حقیقت پسندی اور عملیت پسندی‘‘ پر مخلصی اور سچائی کے ساتھ عمل پیرا ہیں اور نہ صرف ملک وقوم کو اندرونی، بیرونی اور عالمی سطح پر استحکام اور مضبوطی فراہم کرسکتے ہیں بلکہ ترقی وخوشحالی کی وہ راہیں کھول سکتے ہیں جو قائداعظم محمد علی جناح، شہید ملت خان لیاقت علی خان اور شاعر مشرق علامہ اقبال کے خوابوں کی تعبیر ہوگی اور ان کی حقیقی معنوں میں ترجمانی کریں گی۔ملک میں فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خلاف اگر کسی نے آواز اٹھائی اور عملی جدوجہد کی ہے تو وہ ایم کیوایم ہی ہے اور ہم نے یہ بھی دیکھا کہ تمام تر نامساعد حالات اور ظلم وجبر کے ریاستی ہتھکنڈوں کے باوجود واحد لیڈر جناب الطاف حسین ہی ہیں جنہوں نے ہمیشہ ملک اور جمہوریت کے استحکام کیلئے نہ صرف مثبت رائے اور خیالات کا اظہار کیا جاتا ہے بلکہ مفاہمت کی پالیسی پر بھی زور دیا جاتا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ملک کے موجودہ حالات میں متحدہ قومی موومنٹ ہی واحد جماعت ہے جو ملک کو معاشی، سماجی، معاشرتی، جمہوری اور سیاسی استحکام فراہم کرسکتی ہے اور ایسے اقدامات اٹھاسکتی ہے جن سے 2 فیصد مراعات یافتہ طبقے کے مفادات کے تحفظ کے بجائے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے مفادات کو یقینی بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ اللہ کا شکر ہے کہ ایم کیوایم اب ایک مضبوط جماعت بن چکی ہے جس کی شاخیں ملک بھر میں پھیل گئیں ہیں اور ہر جگہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت پر فخر کیا جارہا ہے، جناب الطاف حسین اپنے کارکنوں کا جس طریقے سے خیال رکھتے ہیں اس پر میں انہیں سیلوٹ پیش کرتا ہوں۔مجھے یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں تھی کہ ایم کیوایم ایک حقیقت ہے یہ محبّ وطن جماعت ہے اور سازشی لوگ ان کے ساتھ جو زیادتیاں اور ناانصافیاں کررہے ہیں وہ عارضی ہیں اور ختم ہوجائیں گی اور ایم کیوایم ملک کی سب سے بڑی جماعت بنے گی اور جو لوگ ایم کیوایم کے خلاف زہر پھیلا رہے ہیں انہیں منہ کی کھانا پڑے گی۔پختون مہاجر بھائی بھائی ہیں۔میں مہاجر اور پختون عوام میں پھیلائی گئی غلط فہمیوں اور نفرتوں کے خاتمے کیلئے عملی کردار ادا کروں گا اور حق پرستی کے فکر وفلسفہ اور ملک کے چپے چپے میں پھیلاؤں گا۔ایم کیوایم اب سندھ کی پارٹی نہیں رہی عنقریب اس میں قبائلی عوام بھی

بڑی تعداد میں شامل ہوگی اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی قیادت پر فخر کریں گے۔ میں قائدتحریک جناب الطاف حسین کا پورے قبائلی عوام کی جانب سے صوبہ قبائلستان کی قرارداد پیش کرنے پر خصوصی شکریہ ادا کرتا ہوں۔عمرعلی خان شیر زئی نے کہا کہ آج میں مظلوموں کے قائد جناب الطاف حسین کی قیادت پر بھر پور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے اپنے سینکڑوں ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرتا ہوں اوراس عزم کا اظہار کرتا ہوں کہ ایک ادنیٰ کارکن کی حیثیت سے ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی اوراستحکام کیلئے حق پرستی کی تحریک کا ساتھ دوں گا۔انہوں نے میں ملک بھر کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ محبّ وطن شہری کی حیثیت سے ملک کی تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کے منشوراوران کے عمل وکردار کا جائزہ لیں، جھوٹ، دروغ گوئی اورتضاد بیانی کا مشاہدہ کریں اور پھر انہیں جو جماعت ایسی دکھائی دے جو حقیقی معنوں میں ملک وقوم کو تحفظ اوراستحکام فراہم کرسکتی ہے اسی میں شمولیت اختیار کریں اور وہ پارٹی ایم کیوایم ہی ہوگی۔اس سے قبل عمرخان علی شیر زئی ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پہنچے تو ان کا ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اوردیگر شعبہ جات کے ذمہ داران اورکارکنان نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اوران پر پھول نچھاور کیے جبکہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینر انیس قائم خانی نے انہیں گلدستہ پیش کیا۔اس موقع پرنائن زیرو کی فضاء ایم کیوایم اورالطاف حسین کے حق میں نعروں سے گونج اٹھی جس کا سلسلہ کافی دیرتک جاری رہا۔

## پیرصبغت اللہ راشدی سے ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین کی ٹیلی فون پرگفتگو،شاہ مردان پیرصاحب پگارا کے انتقال پرتعزیت کا اظہار

## شاہ مردان پیرصاحب پگارا ایک بہت بڑا قومی ورثہ تھے،ان کا خلاء آسانی سے پرنہیں ہوگا،الطاف حسین

## پیرصاحب پگارا مرحوم نے ملک وقوم کیلئے جوخدمات انجام دی ہیں وہ ہمیشہ یادرکھی جائیں گی۔الطاف حسین

## آپ ہمارے لئے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں یہ ذمہ داری ادا کرنے کی ہمت اورطاقت عطافرمائے۔ پیرصبغت اللہ راشدی کی قائدتحریک الطاف حسین سے گفتگو

## ایم کیوایم کے ساتھ ہمارا رابطہ ہے اورانشاءاللہ یہ رابطہ قائم رہےگا۔پیرصبغت اللہ راشدی

لندن:۔۔۔17،جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے نئے پیر پگارا پیرصبغت اللہ راشدی سے ٹیلی فون پررابطہ کرکے ان کے والد اورحروں کے روحانی پیشوا شاہ مردان پیرصاحب پگارا کے انتقال پردلی تعزیت کا اظہار کیا۔جناب الطاف حسین نے پیرصبغت اللہ راشدی سے گفتگوکرتے ہوئے کہا کہ پیرصاحب پگارا ایک بہت بڑا قومی ورثہ تھے اوران کے انتقال سے پیدا ہونے والا خلاء آسانی سے پرنہیں ہوگا۔انہوں نے کہا کہ پیرصاحب پگارا نے ملک وقوم کیلئے جوخدمات انجام دی ہیں وہ ہمیشہ یادرکھی جائیں گی اور مجھے امید ہے کہ آپ بھی اپنے والدمحترم کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ملک وقوم،مریدین اورغریب ومستحق افراد کی خدمت کا سلسلہ اسی طرح جاری رکھیں گے جو آپ کے خاندان کی برسوں کی روایت ہے۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شاہ مردان پیرصاحب پگارا مرحوم کوکروٹ کروٹ جنت نصیب کرے،سوگوارلواحقین اورمریدین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔۔پیرصبغت اللہ راشدی نے جناب الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آپ ہمارے لئے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں یہ ذمہ داری ادا کرنے کی ہمت اورطاقت عطافرمائے اورہماری مشکلات کوآسان کرے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے ساتھ ہمارا رابطہ ہے اورانشاءاللہ یہ رابطہ قائم رہےگا۔ہم نہ صرف آپس میں رابطے میں رہیں گے بلکہ ایک دوسرے کا ساتھ بھی نبھائیں گے۔

## ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے کارکن اورسابق حق پرست لیبرکونسلر مرزاالدین احمد کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہارِافسوس

لندن:۔۔۔16،جنوری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 169 کے کارکن اورسابق حق پرست لیبرکونسلر مرزاالدین احمد کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## کامران فاروقی سے ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی:۔۔۔۔17 جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے جیو نیوز کے ٹیکر ڈیسک انچارج کامران فاروقی کی والدہ محترمہ رابعہ پروین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ ( آمین )

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی:۔۔۔۔17، جنوری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 169 کے کارکن اور سابق حق پرست لیبر کونسلر مرزا الدین احمد، ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 109 کے کارکن محمد جمیل عباسی کی ہمشیرہ آنسہ آمنہ فخر والدین، محبان پاکستان ریاض کے کارکن اسلام احمد صدیقی کی اہلیہ عابدہ خاتون، فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 153/B کے کارکن زوہیب علی خان کے والد لیاقت علی خان، پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر یونٹ 57 ایلڈرز ونگ کے کارکن محفوظ احمد کی والدہ محترمہ رشیدہ بیگم، لائنز ایریا سیکٹر یونٹ 197 کے کارکن محمد عبداللہ اور ایم کیوایم حیدرآباد زون شعبہ خواتین کی انچارج محترمہ فوزیہ کے والد محمد ظہور خان کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطاء فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ ( آمین )

## ڈاکوؤں کی جانب سے فائرنگ کے واقعہ میں ایم کیوایم عمر کوٹ زون یونٹ فقیر عبداللہ کے کارکن گنیشن بھیل کے قتل کا نوٹس لیا جائے

## اندرون سندھ میں اغواء برائے تاوان اور ڈکیتی کی وارداتوں کی روک تھام کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں

کراچی:۔۔۔۔17، جنوری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اندرون سندھ کے علاقے خانو رانگڑ گاؤں کے نزدیک ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایم کیوایم عمر کوٹ زون یونٹ فقیر عبداللہ کے کارکن گنیشن بھیل کی شہادت پر مذمت کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعہ میں ملوث افراد کو گرفتا کیا جائے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ اندرون سندھ میں اغواء برائے تاوان اور ڈکیتی کی وارداتوں سمیت دیگر جرائم کی وارداتوں میں اضافہ ہورہا ہے جو کہ انتہائی تشویشناک ہے، ایسا لگتا ہے کہ اندرون سندھ میں قانون نام کی کوئی چیز نہیں ہے اور ڈاکوؤں کا راج ہے یہی وجہ ہے کہ وہ قانون کی گرفت سے دور ہیں اور آزادانہ طور پر منظم منصوبہ بندی کے ذریعے معصوم شہریوں سے زور زبردستی کے ذریعے گاڑیاں، موبائل فونز چھینتے ہیں جبکہ مزاحمت کرنے پر انہیں قتل کردیا جاتا ہے اور گنیشن بھیل کا قتل بھی اس ہی سلسلے کی کڑی ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر داخلہ سندھ منظور وسان سے مطالبہ کیا کہ وہ خانو رانگڑ گاؤں کے نزدیک ڈاکوؤں کی فائرنگ کے واقعہ میں ایم کیوایم عمر کوٹ زون یونٹ فقیر عبداللہ کے کارکن گنیشن بھیل کے قتل کا نوٹس لے اور واقعہ میں میں ملوث افراد کو گرفتار کرکے انہیں قرار واقعی سزا دی جائے اور ایسے واقعات کی روک تھام کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## ملک میں انقلاب کے لئے سرائیکی نوجوان الطاف حسین کے ساتھ ہیں، علی سرگانہ

## ایم کیوایم نے سرائیکی صوبہ کے لئے عملی جدوجہد کرکے وسیب کی عوام کے دل جیت لئے ہیں

## آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ملتان کے انچارج کا سول لائنز کالج میں کارنر میٹنگ سے خطاب

ملتان:۔۔۔۔17، جنوری 2012ء

ملک میں انقلاب کے لئے سرائیکی نوجوان الطاف حسین کے ساتھ ہیں، ایم کیوایم نے سرائیکی صوبہ کے لئے عملی جدوجہد کرکے وسیب کی عوام کے دل جیت لئے ہیں ان خیالات کا اظہار آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے انچارج علی سرگانہ نے سول لائنز کالج ملتان میں کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ سرائیکی وسیب کے عوام اپنی آنے والی نسلوں کی بقا اور بہتری کے لئے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کے لئے میدان عمل میں نکل آئیں۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین پاکستان کے عوام بالخصوص نوجوانوں کو متحد و منظم کرکے فرسودہ نظام کا خاتمہ چاہتے ہیں اب وقت آگیا ہے کہ مسائل زدہ لوگ آگے بڑھ کر متحدہ قومی موومنٹ کا ساتھ دیں۔ اس موقع پر طاہر ناڈلہ، وقاص ناڈلہ، عمیر بچہ، ساحل خان، اسامہ میر، علی شان و دیگر بھی موجود تھے۔

## متحدہ قومی مومنٹ صوبائی تنظیمی کمیٹی پنجاب کا بہاولپور اور احمد پور شرقیہ کا دورہ

## تحریک انصاف احمد پور کے نائب صدر عتیق الرحمن، مسلم لیگ ق کے سابق کونسلرز ملک مختیار، شوکت ایڈوکیٹ کا ساتھیوں سمیت متحدہ میں شمولیت کا اعلان، عوامی انقلاب کا راستہ اب کوئی نہیں روک سکتا، سید شیراز احمد، ندیم رازی

ملتان:۔۔۔۔17، جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ صوبائی تنظیمی کمیٹی پنجاب کے اراکین سید شیراز احمد اور ندیم رازی نے گذشتہ روز بہاولپور اور احمد پور شرقیہ کا دورہ کیا تنظیمی میٹنگز اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات اور تاجران سے ملاقاتیں کیں۔اس موقع پر پاکستان تحریک انصاف احمد پور تحصیل کے نائب صدر عتیق الرحمٰن ، مسلم لیگ ق کے سابق کونسلرز و معروف سماجی شخصیات ملک مختیار، شوکت ایڈوکیٹ، ارشد راجپوت ایڈوکیٹ اور محمد عالم ایڈوکیٹ نے ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا۔اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے اراکین صوبائی کمیٹی پنجاب نے کہا کہ عوامی انقلاب کا راستہ اب کوئی نہیں روک سکتا اور جنوبی پنجاب کے عوام اپنے حقوق کے حصول کے لئے تیزی سے متحدہ کے پرچم تلے متحد ہو رہے ہیں۔دریں اثنا اراکین صوبائی تنظیمی کمیٹی کی جانب سے مقامی صحافی شیخ عزیز کے بھائی، شبیر قریشی کی والدہ، ن لیگ کی شعبہ خواتین کی سٹی احمد پور کی صدر کی والدہ اور تحریکی ساتھی علیم احمد کی والدہ کی وفات پر تعزیت انکے گھروں پر جا کر کی گئی جبکہ بہاولپور دورہ کے موقع پر تحصیل بہاولپور کی تنظیم نو کا اعلان کیا گیا، ہندو برادری کے اجمل رام نے ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ بہاولپور کے انچارج امیر عبداللہ اور دیگر ذمہ داران و کارکنان بھی موجود تھے۔

## قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ پر عمل پیرا ہو کر ملک کو بحرانوں سے نکالا جاسکتا ہے، زبیر احمد خان

## متحدہ قومی موومنٹ کی جدوجہد کا مقصد ملک میں غریبوں کی حکمرانی قائم کرنا ہے

## ایم کیو ایم کی جانب سے اُمیدواروں کے کاغذات نامزدگی کے فارم جمع کرانے کے بعد صحافیوں سے گفتگو

بدین۔۔۔۔17، جنوری، 2012ء

ایم کیو ایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر زبیر خان نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کی جدوجہد کا مقصد ملک میں غریبوں کی حکمرانی قائم کرنا ہے، ایم کیو ایم چاہتی ہے کہ ملک سے غربت و پسماندگی بجلی کی لوڈشیڈنگ اور مہنگائی کا خاتمہ ہو اور یہ اسی وقت ممکن ہے جب ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور سرمایہ دارانہ سوچ سے عوام کو نجات حاصل ہوگی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج PS-57 ٹنڈو باگو (بدین) کے ضمنی انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے نامزد اُمیدواروں کے کاغذات نامزدگی کے فارم جمع کروانے کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم کیو ایم بدین زون کے انچارج عقیل الدین وارا کین زونل کمیٹی کے علاوہ یونٹوں کے ذمہ داران و کارکنان بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ کے ذریعے ملک کو بحرانوں سے نکالا جاسکتا ہے، ایم کیو ایم بلاتفریق ذات و مسلک انسانیت کی خدمت کرتی ہے۔ ایم کیو ایم جاگیردارنہ نظام کا خاتمہ کر کے ایسا نظام لانا چاہتی ہے جس میں غریب و مظلوم لوگوں کے حقوق بحال ہوں۔ پی ایس 57 کی نشست پر ضمنی انتخابات کیلئے ایم کیو ایم کی جانب سے غازی صلاح الدین، پونجومل سابق حق پرست رکن صوبائی اسمبلی پیر بخش نظامانی رکن اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی اور دیواس نے درخواست فارم جمع کروائے۔کاغذات نامزدگی کے درخواست فارم جمع کروانے کے بعد عقیل الدین زونل انچارج وارا کین زونل کمیٹی سینکڑوں کارکنان کے ہمراہ جلوس کی شکل میں زونل آفس پہنچے اس موقع پر کارکنان کی جانب سے جئے الطاف اور جئے متحدہ کے فلک شگاف نعرے لگائے گئے جس کا سلسلہ کافی دیر تک جاری رہا۔

## داؤدی بوہرہ جماعت کے روحانی پیشواڈاکٹر سیدنا محمد برہان الدین کے صاحبزادے کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن:۔۔۔۔17، جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے داؤدی بوہرہ جماعت کے روحانی پیشوا ڈاکٹر سیدنا محمد برہان الدین کے صاحبزادے شہزادہ حذیفہ بھائی محی الدین کے انتقال پر دلی رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے سیدنا محمد برہان الدین سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین اور داؤدی بوہرہ جماعت کے ایک ایک فرد سے دلی افسوس و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا ہے کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کی پوری قیادت و کارکنان دکھ اور افسوس کی اس گھڑی میں آپ کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین، بوہرہ اور عقیدت مندوں کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے۔ (آمین)

## مکرم خان کے قتل کا فی الفور نوٹس لیا جائے، واسع جلیل
## مکرم خان کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار

کراچی:۔۔۔17جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور شعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل نے مہمند ایجنسی شبقدر میں مسلح حملہ آوروں کی فائرنگ سے زخمی ہونیوالے نجی ٹی وی کے معروف سینئرصحافی مکرم خان کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں انہوں نے مکرم خان کو زخمی کر کے قتل کرنے کی مذمت کرتے ہوئے اسے آزادی صحافت کے منافی حملہ قرار دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت صحافیوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنایا جارہا ہے اوراب تک متعدد صحافی دہشت گردوں کے ہاتھوں قتل ہوچکے ہیں جس سے صحافی برادری میں شدید بے چینی اور خوف وہراس پایا جارہا ہے اورانہیں اپنے فرائض منصبی میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔انہوں نے کہا کہ مہمند ایجنسی کے علاقے سبقدر میں دہشت گردی کا نشانہ بننے والے صحافی مکرم خان کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مکرم خان کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)انہوں نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا ہے کہ مکرم خان کے قتل کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور صحافیوں میں پھیلنے والی بے چینی کو ختم کرنے کیلئے قتل کی واردات میں ملوث افراد کو گرفتار کیا جائے۔

## حق پرست قیادت قائد تحریک الطاف حسین کے وژن کے مطابق عوامی خدمت میں مصروف عمل ہے،حق پرست رکن سندھ اسمبلی اکرم عادل
## شہر کی تعمیر وترقی میں متحدہ قومی موومنٹ نے ہمیشہ اہم کردار ادا کیا ہے
## پریٹ آباد کے علاقے انصاری پاڑہ میں جاری ترقیاتی کاموں کا دورے کے موقع پر عوام سے گفتگو

حیدرآباد۔۔۔17جنوری2012ء

حق پرست رکن صوبائی اسمبلی اکرم عادل نے کہا ہے کہ عوامی خدمت حق پرست نمائندوں کی اولین ذمہ داری ہے اورشہر بھر میں جاری ترقیاتی کام اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے ۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے فنڈ سے پریٹ آباد کے علاقے انصاری پاڑہ میں جاری ترقیاتی کاموں کا دورے کے موقع پر عوام سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد سیکٹر سی کے ذمہ داران اورعلاقے کے معززین سمیت بلدیہ کے افسران بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت قائد تحریک جناب الطاف حسین کے وژن کے مطابق عوامی خدمت میں مصروف عمل ہے۔انہوں نے کہا کہ حیدرآباد شہر قائد تحریک جناب الطاف حسین کا شہر ہے اوراس شہر میں رہنے والے لوگ قائد تحریک الطاف حسین کے چاہنے والے ہیں اس لئے حیدرآباد شہر اور اسکے شہریوں کے مسائل اور انکی پریشانی کا خاتمہ حق پرست نمائندوں کا فرض ہے۔انہوں نے مزید حیدرآباد کے شہریوں کو بہتر سے بہتر سہولت فراہم کرنے اور شہر کی تعمیر وترقی میں متحدہ قومی موومنٹ نے ہمیشہ اہم کردار ادا کیا ہے اورآگے بھی کرتی رہے گی۔

## قائد تحریک جناب الطاف حسین پاکستان میں جمہوریت اور مملکت کے تمام ستونوں کے درمیان اتحاد کے فروغ میں اہم کردار ادا کررہے ہیں،محمد شریف
## زونل آفس پر حیدرآباد زون کے سیکٹرز کے ذمہ داران کے اجلاس سے خطاب

حیدرآباد۔۔۔17جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین پاکستان میں جمہوریت اور مملکت کے تمام ستونوں کے درمیان اتحاد کے فروغ میں اہم کردار ادا کررہے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گذشتہ روز زونل آفس پر حیدرآباد زون کے سیکٹرز کے ذمہ داران کے اجلاس کے دوران کیا۔انہوں نے کہا کہ ملک کی موجودہ صورتحال انتہائی نازک ہے لوگوں میں احساس محرومی اور عدم تحفظ بڑھ رہا ہے اور دہشت گرد عناصر ملک کے امن کو غارت کرنے کی سازشوں پر عمل پیرا ہیں ان تمام صورت حال پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کا کردار سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین وہ واحد رہنما ہیں جو تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کو پاکستان کی سالمیت کی خاطر آپس کے اختلافات کو فراموش کرکے اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کرنے کی اپیلیں کررہے ہیں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کے پیروکار ہونے کے ناطے ہم تمام کارکنان وذمہ داران پر انتہائی اہم ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں اور ہم ان ذمہ داریوں کے تقاضوں کو پورا کرکے ہی ملک وقوم کو تباہی سے بچاسکتے ہیں انہوں نے کہا کہ حیدرآباد کے عوام وکارکنان قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر وطن عزیز کے دفاع وسلامتی کیلئے اپنا ہرممکن کردار ادا کریں گے۔اجلاس میں اراکین زونل کمیٹی سمیت سیکٹرز ویونٹس کے ذمہ داران نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

## ایم کیوایم نے ظلم وزیادتی پر مبنی نظام کے خلاف عوام میں شعوری بیداری پیدا کرنے کی جدو جہد کر رہی ہے، سیّد محمد علی شاہ
## یونٹ 1-D کے علاقے انڑ پاڑہ میں عوامی اجتماع کے شرکاء سے خطاب

ٹنڈو الہ یار:۔۔۔17، جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ ٹنڈو الہ یار زون کے انچارج سید محمد علی شاہ نے کہا ہے کہ ایم کیوایم نے ظلم وزیادتی پر مبنی نظام کے خلاف عوام میں شعوری بیداری پیدا کرنے کی جدو جہد کر رہی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونٹ 1-D کے علاقے انڑ پاڑہ میں عوامی اجتماع کے شرکاء سے اظہارِ خیال کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر اراکین زونل کمیٹی آفتاب عالم اور ثاقب احمد خانزادہ بھی ان کے ہمراہ تھے۔انہوں نے کہا کہ ظلم وزیادتی کی شکار عوام کو اس حقیقت کا ادراک کرنا ہوگا کہ انکے مسائل کا حل کسی جاگیردار یا وڈیرے کا پاس موجود نہیں۔ بلکہ برسوں سے نمو پذیر مسائل کو حل کرنے کے لئے معاشرے کے محروم طبقات کو ہی میدان عمل میں آنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ چہروں کی تبدیلی کے بجائے نظام کی تبدیلی پر یقین رکھتی ہے۔ملک کی سلامتی و بقاء کے لئے فرسودہ اور گلے سڑے نظام کی مکمل اور فوری تبدیلی انتہائی ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کی انقلاب آفریں قیادت کے زیر سایہ متحدہ قومی موومنٹ ملک میں تعمیر ترقی کے ایک نئے دور کا احیاء چاہتی ہے۔جس کی بدولت عوام کو خوشحالی، عدل وانصاف اور بلا تفریق رنگ ونسل بنیادی سہولیات زندگی میسر آسکیں۔

## حق پرست وزیر ٹرانسپورٹ محمد طاہر کھوکھر، رکن اسمبلی سلیم بٹ، صوبائی تنظیمی کمیٹی کے
## رکن ملک تنویر، مظفر آباد زونل وڈسٹرکٹ کمیٹیوں کا شہزاد خان کے والد کے انتقال پر اظہارِ تعزیت

مظفر آباد:۔۔۔17، جنوری 2012ء

حق پرست وزیر ٹرانسپورٹ محمد طاہر کھوکھر، رکن اسمبلی سلیم بٹ، صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن ملک تنویر، زونل کمیٹی مظفر آباد، ڈسٹرکٹ کمیٹی مظفر آباد کے ذمہ داران نے ایم کیوایم سنٹر گلی مظفر آباد کے کارکن شہزاد خان کے والد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں انہوں نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم صحیح معنوں میں 98 فیصد محروم عوام کے سلب شدہ حقوق دلوانے کیلئے جدو جہد کر رہی ہے، محمد طاہر کھوکھر

میر پور:۔۔۔17 جنوری، 2012ء

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے پارلیمانی لیڈر، آزاد کشمیر کے حق پرست وزیر ٹرانسپورٹ اور سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے رکن محمد طاہر کھوکھر نے کہا کہ آزاد کشمیر میں پبلک ٹرانسپورٹ مالکان عوام کو آرام دہ، محفوظ اور حکومت کی جانب سے مقرر کردہ کرایہ نامہ کے مطابق سفری سہولیات فراہم کریں ورنہ حکومت ان کے خلاف سخت اقدام اٹھانے سے گریز نہیں کرے گی۔ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ وزارت ٹرانسپورٹ عوام کو بہترین سفری سہولیات فراہم کرنے کے لے پرعزم ہے اور کسی نے اس میں رخنہ ڈالنے کی کوشش کی تو اس کے خلاف سخت قانونی کاروائی کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا ایجنڈا ہمیشہ عوام کی بلا امتیاز خدمت ہے جس کیلئے ہم پوری دیانتداری کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں۔وزارت ٹرانسپورٹ نے محدود وسائل کے باوجود عوام کو بہتر سے بہتر سروسز فراہم کرنے کا تہیہ کر رکھا ہے، ایم کیوایم صحیح معنوں میں ملک کی 98 فیصد آبادی کے سلب شدہ حقوق دلوانے کیلئے جدو جہد کر رہی ہے، اس وقت صرف 2 فیصد جاگیردار، وڈیروں اور سرمایہ داروں نے ملکی وسائل پر غاصبانہ قبضہ کر رکھا ہے جسکے باعث نا صرف عوام کی اکثریت غریب سے غریب تر ہوتی جارہی ہے بلکہ متوسط طبقے کے افراد بھی شدید معاشی پریشانیوں میں مبتلا ہو گئے ہیں یہی وجہ ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ہمیشہ غریب ومتوسط طبقے کے حقوق کی بحالی کی بات کرتے ہیں جس پر ملکی وسائل پر قابض استحصالی ٹولے کی جانب سے متحدہ قومی موومنٹ کے خلاف بے بنیاد اور جھوٹا پروپیگنڈے شروع کر دیا جاتا ہے مگر اب عوام باشعور ہو چکے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ آزاد کشمیر میں عوام کو ٹرانسپورٹرز سے بے شمار شکایات ہیں جنہیں دور کرنے کیلئے ہم بھرپور کوششیں کر رہے ہیں حکومت احکامات پر عمل درآمد کروانے کے لیے پوری طرح پرعزم ہے اور کسی قسم کی دھمکیوں سے نہ تو ہم پہلے مرعوب ہوئے ہیں اور نہ آئندہ ہونگے، اسلیے قانون شکن ٹرانسپورٹرز اپنا قبلہ درست کرلیں اور قانون کے مطابق آزاد کشمیر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام کو آرام دہ، محفوظ سفر کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے کام کریں بصورت دیگر ان کے خلاف بھرپور قانونی کاروائی کی جائے گی اور کسی بھی مصلحت کو خاطر میں نہیں لایا جائے گا

## مظفرآباد تحصیل پٹہکہ کی تنظیم سازی کا اعلان کردیا گیا

مظفرآباد:۔۔۔17،جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ مظفرآباد زون تحصیل پٹہکہ کی تنظیم سازی کے سلسلے میں جنرل ورکرز اجلاس منعقد ہوا جس میں حق پرست رکن آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی سلیم بٹ اور ڈسٹرکٹ مظفرآباد کے انچارج راجہ افتیاز کے علاوہ جوائنٹ انچارج رفاقت کاظمی، امجد بٹ اور دیگر ذمہ داران نے شرکت کی۔ جنرل ورکرز اجلاس میں حق پرست رکن آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی سلیم بٹ نے تحصیل پٹہکہ کی تنظیم سازی کا اعلان کیا۔اعلان کے مطابق نومنتخب کمیٹی میں سید شوکت گیلانی تحصیل انچارج،سید صداقت نقوی،کبیر کاظمی جوائنٹ انچارج جبکہ مبشر کاظمی،صغیر مغل،عمران اعوان،لیاقت اعوان عادل اعوان، فیضان کاظمی،رضوان بخاری،اویس شاہ،مفتی ابرار حسین،ارشد عادل اعوان اور محمد اظہر ممبران شامل ہیں۔ایم کیو ایم میڈیا سیل کے اعلامیہ کے مطابق نومقرر شدہ ذمہ داران نے اپنی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں اور یونٹ وسیکٹر کی سطح پر تنظیم سازی کا عمل شروع کردیا گیا ہے۔اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ ایم کیوایم نے ملک بھر کی طرح آزاد کشمیر میں بھی تحصیل، یونین کونسل اور گاؤں کی سطح پر تنظیم سازی کا عمل شروع کررکھا ہے تاکہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا انقلابی فکرو فلسفہ آزاد کشمیر کے غریب،متوسط اور مظلوم عوام تک پہنچایا جاسکے۔

## متحدہ قومی موومنٹ مظفرآباد زون کے تحت زونل آفس میں تربیتی نشست کا اہتمام

مظفرآباد:۔۔۔17 جنوری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ مظفرآباد زون کے تحت زونل آفس میں تربیتی نشست کا اہتمام کیا گیا۔جس میں ایم کیوایم مظفرآباد کی مختلف تحصیلوں،ڈسٹرکٹوں کے ذمہ داران وکارکنان نے شرکت کی۔تربیتی نشست میں ایم کیوایم مظفرآباد زون کے انچارج راجہ صباء نے نومنتخب ذمہ داران وکارکنان کو قائد تحریک الطاف حسین کے نظریہ اور فکرو فلسفے سے آگاہ کیا۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ انچارج راجہ افتیاز، جوائنٹ رفاقت کاظمی، سہیل سعید ودیگر کارکنان بھی موجود تھے۔انہوں نے نومنتخب کارکنان کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے انہیں پابند کیا کہ وہ یم کیوایم کے مشن ومقصد کے حصول کیلئے اپنی تمامتر کوششوں کو بروئے کارلائیں اور ایم کیوایم کا پیغام گھر گھر پہنچائیں۔

## ایم کیوایم کی پہلی ترجیح عوامی مسائل کا حل ہے، سلیم بٹ
## ایم کیوایم مظفرآباد زونل آفس پر عوامی وفود سے گفتگو

مظفرآباد:۔۔۔17 جنوری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن اور آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں حق پرست ممبر اسمبلی سلیم بٹ نے زونل آفس کا ادورہ کیا اور عوامی وفود سے ملاقاتیں کیں اور ان کے مسائل کو بغور سنا۔اس موقع پر انہوں نے عوام سے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کی پہلی ترجیح عوامی مسائل کا حل ہے۔ ہمارا ایجنڈا دستیاب وسائل کو بروئے کارلا کر عوام کو بہترین سہولیات فراہم کرنا ہے۔ہمیں جب بھی عوام کی جانب سے کوئی ذمہ داری سونپی گئی ہم اس پر ہمیشہ پورا اترے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فلسفے پر عمل کرتے ہوئے ایم کیوایم کا پیغام ہر گھر میں پہنچائیں گا،عوام ہمارے ساتھ تعاون کریں جلد ہی خطے میں تعلیم وتربیت اور ترقی کے سفر کا آغاز ہوگا۔

☆☆☆☆☆